| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 7 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب دوم: ایمانیات و عبادات<br>(ب) عبادات | سبق کا نام: جمعۃ المبارک کی فضیلت |

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- نمازِ جمعہ کے احکام و آداب جان سکیں۔
- نمازِ جمعہ سے حاصل ہونے والے معاشرتی فوائد سے آگاہ ہو سکیں۔
- اتحاد و یک جہتی کے حوالے سے جمعہ کی اہمیت کو جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** **5 منٹ**

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو جمعہ کے دن کی اہمیت و فضیلت سے آگاہ کریں انھیں بتائیں اس کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے بھی ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ایک سورت کا نام سورۃ **الجمعۃ** رکھا ہے۔ جمعہ کا دن مومنوں کے لیے عید کے دن کی حیثیت رکھتا ہے۔

**طریقہ تدریس:** **15 منٹ**

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو بتائیں نمازِ جمعہ کے بابرکت اجتماع کے موقع پر اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے کے علاوہ باہمی تعاون اور یگانگت کے مواقع بھی میسر آتے ہیں۔
- انھیں بتائیں نمازِ جمعہ ہر عاقل و بالغ مسلمان پر فرض ہے۔
- طلبہ کو نمازِ جمعہ کے آداب سے آگاہ کریں کہ جمعہ کے روز غسل کرنا، صاف ستھرے کپڑے پہننا اور خوشبو لگانا سنّت ہے۔

- انھیں نمازِ جمعہ کے معاشرتی فوائد کی وضاحت کریں کہ جمعہ کا اجتماع مسلمانوں کے لیے بہت اہمیت کا حامل ہے اس سے سماجی تعلقات مضبوط ہوتے ہیں مختصر یہ کہ جمعہ کا اجتماع مسلمانوں کے باہمی تعلقات کی مضبوطی کا باعث بنتا ہے اور نظم وضبط جیسے قواعد سے آگہی ہوتی ہے۔
- طلبہ کو وضاحت کریں کہ نمازِ جمعہ دراصل دینی تربیت کا ذریعہ ہے۔ ہر مسلمان کو چاہیے کہ وہ جمعہ کے دن نمازِ جمعہ کے لیے اچھی طرح تیاری کرے اور تمام آداب کا خیال رکھنے کے ساتھ ساتھ درود شریف پڑھے اور نمازِ جمعہ کسی صورت ترک نہ کرے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| دین فہمی | دین۔ فہمی | دین کی سمجھ بوجھ |
| ترک کرنا | تَرّک۔ کرنا | چھوڑنا۔ در گزر کرنا |
| واقفیت | وا۔ قِ۔ فی۔ یَت | جان پہچان۔ آگاہی |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا تصور مختصراً دُہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (۲) کے سوال ۲ اور ۳ کا جواب طلبہ سے کاپیوں پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

مشاہدہ کریں اور بتائیں کہ نمازِ جمعہ سے کس قسم کے معاشرتی فوائد حاصل ہوتے ہیں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

سوال: دیے ہوئے سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

۱۔ نمازِ جمعہ کے بارے میں کوئی سے دو احکام بیان کریں۔

________________________________________

________________________________________

۲۔ نمازِ جمعہ کے تین معاشرتی فوائد بیان کریں۔

________________________________________

________________________________________

۳۔ یومِ جمعہ کے فضائل کے بارے میں حضورِ اکرم خاتم النبیین ﷺ کا کوئی فرمان لکھیں۔

________________________________________

________________________________________

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 7 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب دوم: ایمانیات وعبادات<br>(ب) عبادات | سبق کا نام: عیدین |

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- عیدین کا تعارف و اہمیت جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے پوچھیں اس عنوان سے ان کے ذہنوں میں کیا آتا ہے؟ ان سے جوابات لیں۔ طلبہ سے پوچھیں وہ عید کیسے مناتے ہیں؟ انھیں بتائیں عیدین کا تعارف ہجرتِ مدینہ کے پہلے سال دیا گیا۔ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کی خوشی کے لیے سال میں دو اہم دن مقرر کیے جن میں سے ایک عیدالاضحیٰ اور دوسرا عیدالفطر ہے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر ۲۷ سے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں عید کا مطلب ''لوٹ کر آنے والی'' ہے۔ انھیں عید کی اہمیت بتائیں۔ عید کا تہوار عالمِ اسلام کے تمام مسلمانوں کے لیے بڑی خوشی کا دن ہے عید کا تہوار مسلمانوں کے لیے بڑا عظیم الشان اور محترم ہے یہ تہوار رمضان المبارک کے اختتام پر اللہ تعالیٰ کی جانب سے مسلمانوں کے لیے ایک انعام ہے۔
- انھیں بتائیں رمضان المبارک کے مہینے میں روزے رکھنے کے بعد مسلمان یکم شوال کو عیدالفطر مناتے ہیں۔ اس عید پر غریبوں اور مستحقین کو فطرانہ ادا کیا جاتا ہے۔ فطرانہ غلّے کی خاص مقدار یا پیسوں کی صورت میں ادا کیا جاتا ہے۔

- طلبہ کو عید الاضحیٰ کے بارے میں بتائیں یہ عید ۱۰ ذوالحجہ کو منائی جاتی ہے اسے عیدِ قربان اور بڑی عید بھی کہا جاتا ہے۔
- طلبہ کو بتائیں اسلام میں عید الاضحیٰ کے موقع پر کی جانے والی قربانی کی بہت اہمیت ہے اس سے مسلمانوں کے دلوں میں یہ جذبہ پیدا ہوتا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی خاطر کسی قسم کی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے اور اُس کے احکامات کے مطابق زندگی گزاریں گے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
| --- | --- | --- |
| غلّہ | غَل۔لَہ | اناج۔دانہ |
| مستحقین | مُس۔تَ۔حِقین | حق دار۔حق رکھنے والا |
| لغزش | لَغ۔زِش | لرزِش۔بُھول چُوک |
| من چاہی | مَن۔چا۔ہی | مرضی۔پسندیدہ |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کریں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (۲) کے سوال (۱) کا جواب طلبہ سے کاپیوں پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

آپ عید کا دن کیسے گزارتے ہیں؟ ایک مختصر تحریر لکھیں۔

| سبقی منصوبہ بندی:3 | مضمون:اسلامیات | جماعت: پنجم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت:40منٹ | تاریخ:______ | ہفتہ:7 | اُستاد کا نام:______ |

| سبق کا نام: عیدین | باب دوم: ایمانیات وعبادات<br>(ب)عبادات |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- عیدین کی نماز کے احکام وآداب جان سکیں۔
- فطرانہ اور قربانی کی روح سے آگاہ ہو سکیں۔
- عید کو اسلامی تہوار کی اصل روح کے مطابق منا سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ گزشتہ سبق کے اعادے کے لیے طلبہ سے پوچھیں:

- عید کا لفظی معنی کیا ہے؟
- فطرانہ کسے کہتے ہیں؟
- عیدالاضحی کب منائی جاتی ہے؟

طلبہ سے جوابات لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔انھیں بتائیں آج کے سبق میں وہ عیدین کی نماز کے احکام و آداب کے بارے میں جان سکیں گے۔

**طریقہ تدریس:** 15منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر ۲۷ کے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں عیدین اللہ تعالیٰ کی طرف سے خاص انعام اور شکر کا دن ہے۔ عیدالفطر میں دیا گیا فطرانہ دراصل ناداروں اور غریبوں کو عید کی خوشیوں میں شریک کرنا ہے۔

اسی طرح عیدالاضحیٰ کے موقع پر کی گئی قربانی جو کہ سنّتِ ابراہیمی ہے، مسلمانوں کے دلوں میں یہ جذبہ پیدا کرتی ہے کہ من چاہی زندگی کو چھوڑ کر اللہ تعالیٰ کے احکامات کے مطابق زندگی گزاری جائے۔

- طلبہ کو بتائیں کہ عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ کی نمازوں کے لیے اذان اور اقامت نہیں کہی جاتی۔ انھیں وضاحت کریں کہ عیدین کی نماز کے بعد خطبہ دیا جاتا ہے جسے توجہ اور خاموشی سے سننا واجب ہے۔
- طلبہ کو بتائیں عید کے موقع پر خوشبو لگانا سنّت ہے۔ نئے یا صاف ستھرے کپڑے پہننے چاہییں۔ عید گاہ کی طرف جاتے ہوئے تکبیریں پڑھنی چاہییے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| واجب | وا۔ جِب | ضروری۔ لازِم |
| اقامت | اِ۔ قا۔ مَت | قیام۔ سکون |
| توجّہ | تَ۔ وَج۔ جُہ | رُجحان۔ خیال |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو مختصراً دُہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (۲) کا سوال (۲) طلبہ سے کاپیوں پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

اساتذہ کرام کی مدد سے عیدین کے اغراض و مقاصد کے بارے میں لکھیں۔